سنت خولہ
شمارہ:01
خراسانی مہاجرات فی سبیل اللہ کی
جانب سے مجلہ

سنت خولہ

قارئین کرام

ماضی میں جنگیں صرف میدانوں میں لڑیں جاتی تھیں جبکہ آج کل ذرائع ابلاغ حق و باطل کی اس جنگ میں برابر کا حصہ دار ہے۔ مجاہدینِ اسلام آج کے دور کے طواغیت کے خلاف برسرِپیکار ہیں نہ کہ ظلم کی چکی میں پستے ہوئے معصوم عوام اُنکا ہدف ہیں۔ بلکہ اللہ کے سپاہی تو اِس عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے نکلے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام اِن فرعونی حکمرانوں سے تنگ آچکے ہیں اور انکا قلع قمع چاہتے ہیں۔ مصر میں حسنی مبارک کے خلاف اُٹھنے والی بغاوت ہو یا عرب ممالک میں اُٹھنے والی تحریکیں، مقصد ایک ہی ہے کہ امریکی غلام اور انسان دشمن حکمرانوں کو نکال پھینکا جائے۔ عوام صرف اِن حکمرانوں سے جان ہی نہیں چھُڑانا چاہتے بلکہ ا ب اُنکی نظریں ایک متبدل نظام کو تلاش کر رہی ہیں۔ افسوس کہ اللہ کے دشمنوں نے اسلام کو میڈیا کے زریعےایک دہشت گرد اور پُرتشدد دین کے طور پر پیش کیا ہے۔ اس دجالی میڈیا نے جھوٹ کا پرچار اس شدت سے کیا کہ سادہ لوح مسلمان بھی دینِ اسلام سے بد زن ہو گئے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ مجاہدین میڈیا وار میں بھی کود پڑیں اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیں۔ حضرتِ انسان کو زمین پر بھیجنے کے مقصد سے لیکر اُسکی اللہ کے حضور واپسی تک ہر چیز قرآن و حدیث میں موجود ہے اور یہ ہمارے لئے مکمل مشعلِ راہ ہے۔مجاہدین یہ جانتے ہیں کہ انسان کی دنیا اور آخرت کی فلاح صرف مکمل طور پر اسلام میں داخل ہونے میں ہے لیکن یہ فرعونی جرنیل اور حکمران کبھی بھی عوام کو اسلامی نظامِ حیات اپنانے نہ دیں گے کیونکہ اسمیں اِنکے جمہوری اور شخصی نظام کی موت ہے۔ اسلئے مجاہدین خراسان اس خطے میں موجود طاغوت کے خلاف برسرِ پیکار ہیں۔ عوام کواُمت کے محسن مجاہدین کا ساتھ دینے پر اور ظالم طاغوت سے ٹکر لینے پر اُبھارنا اِس رسالے سنتِ خولہ کا مقصد ہے۔ مزید یہ کہ اسلاف کی روشن مثالوں کو بیان کرنا تاکہ مغلوب عوام جان جائیں کہ جتنا ہمارا ماضی روشن تھا انشااللہ اتنا ہی ہمارا مستقبل روشن ہے۔ سرزمینِ خراسان کی مہاجر بہنوں نے انتہائی نامساعد حالات میں یہ ادنیٰ کاوش کی ہے جسکا نا م سنتِ خولہ ہے۔جس طرح حضرت خولہ رضہ نے مشکل حالات میں بھی ہار نہ مانی اور دشمن کے قدم اُکھیڑ دیئے یہاں تک کہ اپنے بھایئ کو آزاد کرا کر دم لیا۔ بالکل اس طرح اسلاف کی یاد تازہ کرتے ہوئے ہم بہنوں کو اللہ پر توکل کرتے ہوئے لاکھوں یرغمال مسلمانوں کو اِن طاغوتی حکمرانوں سے آزاد کرانا ہے۔

ہمارا مقصد لا الہ الااللہ کو بلند کرنا ہے! ہمارا مقصد علمِ جہاد کو بلند کرنا ہے!

ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم تمام دنیا میں موجود مسلمان خواتین کوہجرت اور جہاد پر اُبھاریں ، انھیں اللہ کے دین کیلیے اپنا تن من دھن قربان کرنے کی جستجو پیدا کریں!

ہمارا مقصد سنتِ خولہرضہ کو زندہ کرنا ہے! ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔

اداریہ:
پاک بھارت کے درمیان فیصلہ کن جنگ

پاکستان اور بھارت کے درمیان ایک بار پھر سے شدید تناؤ کی کیفیت ہے۔ایسا لگتا ہے کہ اب کی بار بھارت پیچھے نہیں ہٹے گا اور پوری شدت سے پاکستان پر حملہ آور ہو گا۔تاریخ سے ثابت ہے کہ جب بھی کوئی استعماری قوت کسی ملک پر حملہ کرتی ہے تو ناقابلِ بیان تباہی پھیلاتی ہے۔چنگیز خان جب بھی کسی خطے پر حملہ کرتا وہاں کھوپڑیوں کے انبار لگا دیتا۔ ماضی میں روس ایک بڑی طاقت تھا جس نے جہاں پر بھی حملہ کیا تباہی پھیلائی۔ امریکہ کا جاپان پر حملہ انتہائی حولناک تھا، ابھی تک ہیروشیما اور ناگا ساکی پر گرائے گئے بموں کی ہولناک یادیں ملتی ہیں۔امریکہ اِس قوت سے عراق اور افغانستان پر حملہ آور ہوا جسکی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔لاشوں کے ڈھیر لگ گئے خون کی ندیاں بہہ گئیں۔یہ الحمدُللہ افغانستان کے مجاہدین کا عقیدہ تھا اور جہاد کی برکت تھی کہ امریکہ نے گھٹنے ٹیک دئیے۔دیکھنے میں آیا ہے کہ جب کوئی بڑی قوت حملہ کرتی ہے تو چھوٹی قوت چاہے جتنا دفاع کا زور لگائے پھر بھی گھٹنے ٹیک دیتی ہے۔مثلاً" عراق میں صدام حسین ، لیبیا میں قذافی کی حکومت امریکہ کے حملے کے سامنے ٹِک نہ سکی اور اس فوج کو تحلیل ہونا پڑا۔جابر، آمر حکمرانوں کی فوج تو دشمن کے سامنے ڈٹ نہ سکی اور فوراً"تسلیم ہو گئ۔ قوم کے دفاع کے لیے ان ہی میں سے رضاکار اُٹھے اور قوم کے لیے اپنی جانیں پیش کیں۔ شام کے حالات میں پاکستان کے لیے عبرت ہے۔شام سکیولرزم کی حد تک پہنچ گیا تھا ۔بے شمار مومنین کو صرف اللہ سے وفاداری کے جرم میں قید خانوں میں ڈال دیا گیا، پھانسی کے تختوں کی نظر کردیا گیا۔حالات ایک جیسے نہیں رہتے۔ رات کے بعد دن اور اندھیرے کے بعد روشنی آتی ہے۔عوام پر ظلم ڈھانے اور آمرانہ حکومت کرنے والے گردشِ ایام کی لپیٹ میں آ گئے۔عوام اپنے دفاع کے لیے اُٹھی، رضاکارانہ طور پر اپنی جانیں پیش کیں۔ملک مختلف گروہوں میں بٹ گیا ۔شام میں شیعوں کا دھڑا ایران اور روس کے بلاک میں شامل ہو گیا اور انکے مفادات کے لیے لڑ رہا ہے، بعض تنظیموں کی پشت پناہی سعودی عرب کر رہا ہے، بعض کی اُردن کررہا ہے، کسی جماعت کے پیچھے ترکی کا ہاتھ نظر آتا ہے ۔الغرض جنگی حالات میں ہر ایک اپنا مفاد کیش کرا رہا ہے۔ عوام کو کبھی تو بھوک و افلاس سے گزرنا پڑتا ہے، کبھی زہریلی گیس کا شکار ہوئےاپنے تڑپتے بچوں کے اجسام اُٹھانے پڑتے ہیں، کبھی لاشوں کے ٹکڑے اکھٹے کرتے ہیں ، تو کبھی اپنے بمبار شدہ گھر کے ملبے پر حسرت و یاس سے موت کو یاد کرتے ہیں۔ اگر قرائن صحیح ثابت ہوئےاور بھارت نے پاکستان پر حملہ کر دیا تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پاکستان فوج کا کیا ردِعمل ہو گا ؟ مزید یہ کہ پاکستان کا مستقبل کیا ہو گا؟

جہاں تک پاکستانی فوج کی جنگی صلاحیت کا تعلق ہے تو بھارت کے مقابلے میں یہ کچھ نہیں ۔تعداد میں بھی بھارت کئی گناہ بڑی طاقت ہے۔معاشی لحاظ سے پاکستان اتنی بدحالی کا شکا ر ہے کہ اگر اندرونی معیشت کا پہیہ جام ہو جائے (جو دورانِ جنگ یقینا" ہو گا) اور بیرونی امداد (جو پاکستان کو ابھی بھی مشکل سے ملتی نظر آرہی ہے اور دورانِ جنگ معاشی طاقتیں بھارت کے خلاف کبھی بھی پاکستان جیسی

ڈوبتی کشتی کی مدد نہیں کریں گی) نہ ملے تو یہ ملک ایک دن نہیں چل سکتا۔ آمر مشرف نے امریکہ کے آگے جھکنے اور اسلام سے غداری کرنے کی جو وجوہات بتا ئی تھیں اُن میں سے ایک یہ تھی کہ اگر امریکہ پاکستان پر حملہ کردے تو ہماری معیشت ختم ہو جائےگی اور ہم بھوکوں مر جائیگے (کیا خوب سوچ ہے کہ اگر میرا ہمسایہ مسلمان بھائی مرتا ہے تو کوئی بات نہیں بس مجھے جینے دو!)۔ماضی گواہ ہے کہ یہ فوج بھارت کے ہاتھوں ہار چکی ہے۔آدھا ملک 1791 کی جنگ میں بھارت کے ہاتھوں ہار دیا ، نوے ہزار پاکستانی فوجی (ملک کے اَسی فیصد وسائل کو کھانے والے)بھارت کے آگے تسلیم ہو گئے اور اپنی جان بچانے کےلیے ہتھیار پھینک دیے ۔کارگل میں پیٹھ پھیر کر بزدلوں کی طرح بھاگے اور فورا" مذاکرات کی دعوت دی۔تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ جنگ کیسے لڑی جائے گی۔ صاف ظاہر ہے کہ ہم قوت میں بھارت سے انتہائی کم ہیں۔اگر یہ جنگ لڑی جاسکتی ہے تو صرف نظریے کی بنیاد پر۔غزوہء بدر میں۳۱۳صحابہ کرام کا مقابلہ۱۰۰۰کے لشکر سے تھا ، اور بہت سے غزوات میں مسلمانوں نے دشمنوں سے کم تعداد میں ہونے کے باوجود فتح حاصل کی۔یہ صرف اِس وجہ سے تھا کہ اللہ رب العزت کی مدد مومنین کے ساتھ تھی۔ اللہ نے فرمایا ہے کہ صرف میرا لشکر ہی کامیاب رہے گا۔پاکستان فوج کس نظریے کی بنیاد پر بھارت سے جنگ لڑے گا؟ کیا دوبارہ قوم سے جھوٹ بولا جائے گا پاکستان کا مطلب کیا ؟ لا الٰہ الا اللہ ! کیا فوجی اپنے دلوں کو جھوٹا دلاسا دیں گے کہ ہم جہاد کر رہے ہیں۔حالانکہ انکی جنگ صرف تنخواہ کے لیے ہے۔کیا فوج میں موجود عیسائی، قادیانی، شیعہ جب بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں مارے جائیں گے تو اُنہیں شہید کہا جائےگا۔ آخر وہ فوج کس طرح لا الٰہ الا اللہ کے لیے لڑے گی جس نے قیامِ پاکستان کے بعد سے آج تک کلمہ پڑھنے والوں کا ، شرعی نظام مانگنے والوں کا قتلِ عام کیا ہے، مجاہدین سے اپنی جیلوں کو بھرا ہے، ایک فون پر امریکہ کے آگے سر ُجھکا دیا ، قربانیوں سے قائم ہونے والی اسلامی امارت کو ڈھانے میں امریکہ کے سب سے بڑے حلیف کا کردار ادا کیا، مہمان مجاہدین کو پکڑ پکڑ کر امریکہ کے حوالے کیا، قوم کی عزت عافیہ صدیقی کو چند ڈالروں کے عوض کافروں کو بیچ دیا، تمام اصولوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئےملا عبدالسلام ضعیف کو امریکہ کے حوالے کر دیا، خروٹ آباد میں چیچن بہنوں کی فریادوں کو گولیوں سے خاموش کر دیا، لال مسجد کو خون میں نہلا دیا، جامعہ حفصہ کی بہنوں کو توپوں اور ٹینکوں سے بھون دیا۔

اِس فوج کے لیے کون اُٹھے گا ؟ کیا وہ قبائلی جس کو فوج نے تحفے میں جواں سال بیٹے کی بوری بند لاش بھجوائی، کیا وہ ما ں اُٹھے گی جسکے بیٹے کی لاش تیزاب سے مسخ کر دی ، کیا وہ بہن اُٹھے گی جسکا بھائی جیل کی سلاخوں کے پیچھے سسک سسک کر مر رہا ہے ،کیا وہ بھائی اُٹھے گا جو اپنے معصوم بھائی کی لاش پھانسی کے بعد وصول کرتا ہے، کیا وہ بیوی اُ ٹھے گی جسے بیوگی کی چادر پہنا دی گئی ۔وہ بھائی ، وہ باپ اٹھے گا جسکی بہن ، بیٹی کی عزت اِن بے غیرت فوجیوں نے تار تار کر دی، کیا وہ باپ اُٹھے گا جو ڈرون حملے میں شہید ہوئے اپنے کم سن بچوں کی لاشوں کے ٹکڑے اُٹھاتا ہے۔ پاکستان کا مستقبل کیا ہے؟ پاکستان میں مختلف قومیں پائی جاتی ہیں صرف اسلام ہی ایسی رسی تھی جسے سب تھامے ہوئےتھے اور جو تمام تفرقوں کو ختم کر کے قوم کو یکجا کرتی ہے، اُس اسلام کی تو اِس فوج اور حکمرانوں نے ایسی دھجیاں بکھیر دیں کہ اب کوئی اسلام کا نام لینے سے بھی خائف ہے۔ خدشہ ہے کہ پاکستان ٹکڑوں میں بٹ جائے گا۔ شیعہ یقینا" ایران کا ساتھ دیں گے، بلوچی آزاد بلوچ کا نعرہ لگائیں گے، سندھی سندھو دیش کا خواب پورا کریں گے، پختون کی اکثریت تو ویسے ہی اسلام پسند لوگ ہیں وہ اسلام پسند عناصر کا ساتھ دیں گے، یا پھر کچھ طبقے آزاد پختونستان کا نعرہ لگائیں گے۔یہاں تک ممکن ہے کہ حکمرانوں اور فوج سے تنگ عوام بھارت کے آگے کسی قسم کی مزاحمت نہ کریں اور بخوشی بھارت کی کالونی بننا قبول کر لیں، جیسا کہ عام سننے میں آیا ہے کہ بلوچستان اور سندھیوں کی آزادی

کی تحریکیں کھلے عام کہتی ہیں کہ ہمیں پاکستان کے ظالم حکمرانوں کے بجائےبھارتی حکمران قبول ہیں۔ المختصر پاکستان عوام کی آخری اُمید طالبان ہیں۔ طالبان کوئی آسمان سے اُتری آفاقی مخلوق نہیں ہیں بلکہ اِسی قوم کے بیٹے ہیں۔اُنکی رگوں میں اِسی خوددار قوم کا لہو دوڑتا ہے، اُنکے لیے تمام مسلم اُمہ ایک جسدِ واحد کی حیثیت رکھتی ہے۔اگر بلوچی کا بے گناہ خون بہتا ہے تو طالبان کے سینوں میں درد اُٹھتا ہے، اگر معصوم سندھی کو پھانسی ہوتی ہے تو طالبان پھندہ اپنے گلے میں محسوس کرتے ہیں ، اگر پنجابی ظلم و جبر کی چکی میں پستے ہیں تو طالبان اسے اپنے اوپر گزرا ہوا ظلم سمجھتے ہیں، اگر پختون بے گھر ہوتے ہیں تو طالبان بھی سکون سے اپنے گھروں میں نہیں سوتے،قبائل پر ڈرون طالبان پر ڈرون ہے،ہر مسلمان عورت کی عزت طالبان کی عزت ہے، مسلمان کی حرمت طالبان کو کعبہ کی حرمت سے ذیادہ عزیز ہے۔یہ خود غرض فوج تو عوام کو امریکہ اور بھارت جیسی طاقتوں کے سامنے نہتا چھوڑ کر فرار ہو جائے گی جیسا کہ اِسکے ماضی سے ثابت ہے لیکن طالبان اللہ کے سپاہی، اللہ کے شیر، نبیﷺ کے اُمتی، کبھی بھی پاکستانی عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے جیسا کہ طالبان کے ماضی اور حال سے ثابت ہے۔ اس فوج نے طالبان پر کون کون سے ظلم نہیں ڈھائےلیکن بفضل اللہ یہ مردِ مجاہد پیچھے نہیں ہٹے۔ کیونکہ انکا نظریہ انکا عقیدہ عملی طور پر لا الہ الااللہ ہے ۔ کل بھی طالبان کا نعرہ تھا "شریعت یا شہادت" اور آج بھی طالبان کا یہی نعرہ ہے " شریعت یا شہادت"!!

ایماندار بیبیاں

(امیر تحریک طالبان پاکستان محترم مولانا فضل اللہ خراسانی کے پشتو بیان کا اُردو ترجمہ)

بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم۔

" اور اللہ نے اہلِ ایمان کے لیے فرعون کی بیوی کی مثال بیان کی، جب اِس نے کہا : اے میرے رب ! میرے لیے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر بنا، اور مجھے فرعون اور اُسکے عمل (شر) سے نجات دے ، اور مجھے ظالم قوم سے نجات دے۔" (سورۃ التحریم آیۃ-11)

محترم بہنوں! اللہ تعالیٰ ہمارا خالق و مالک ہے۔ ہمارا رب، ہمارا الہٰ ، ہمارا حاکم ہے۔ہمیں رب العزت نے بے شمار نعمتوں ، احسانات سے نوازا ہے۔اپنے وجود پر نظر ڈالیں کہ اللہ نے کتنا خوبصورت ہمارا ہر جوڑ بنایا ہے۔ہاتھ، پیر، ناک، کان ، آنکھ ہر چیز ایک اندازے سے صحیح ، صحیح بنائی ہے۔ یہ اللہ کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے - پھر اپنے اردگرد دیکھیں بچے ، ماں ، باپ، میاں ، بیوی، بہن، بھائی سب نعمتیں ہیں۔ ان سب میں سے بڑی نعمت ایمان ہے۔قرآن ، رسول اللہ ﷺ عظیم نعمتیں ہیں۔پھر جہاد، ہجرت اور شہادت یہ ایسی بے بہا فضیلتوں والی نعمتیں ہیں کہ ہم اس کا تدارک ہی نہیں کر سکتے۔ہماری اتنی فہم ہی نہیں کہ ہم ہر نعمت کی فضیلت، حکمت اور قدر کر سکیں۔ قرآن و حدیث پر غور کرنے سے ہمیں ان نعمتوں کی فضیلت کے بارے میں معلوم ہوتا ہے، جو ان نعمتوں کی فضیلت نہیں جانتا وہ انکی قدر نہیں کرتا۔ انسان اللہ کے مقابلے میں اِس کائنات کے بارے میں ایک بچے جتنا علم رکھتا ہے کہ جیسا بچہ ہر چیز کو نانے (روٹی) کہتا ہے اسی طرح ہمارا اس کائنات کا علم ایک بچے کی طرح صرف نانے جتنا ہے۔ ہم ہجرت کی فضیلتوں کا اندازہ ہی نہیں کر سکتے۔یہ راستہ انبیاءکرام ، صحابہ کرام ، اولیاء اللہ کی میراث ہے۔ یہ انکی بیبیوں کی میراث ہے۔حضرت ابراہیمؑ کی بیوی نے ہجرت کی، نبی ﷺ کی بیویوں نے ہجرت کی۔صحابہ کی بیبیاں جنہیں قرآن مجید نے مہاجرات کے لقب سے نوازا نے بھی ہجرت کی۔ہم اللہ کی عظمت کو دیکھیں اپنی کم مائیگی کو دیکھیں اور پھر سوچیں کہ اس فتنے کے دور میں اللہ رب العزت نے مجھ پر اتنا کرم کر دیا۔مجھ سے بہتر لوگ موجود ہیں پھر بھی آپ نے مجھے چنا۔ مجھ سے بہتر پڑھے لکھے لوگ ، مالدار لوگ، دانشور ، عزت دار، سیاستدان، سائنسدان ، مشہور لوگ موجود ہیں لیکن پھر بھی مجھے چنا۔حقیقت یہ ہے کہ یہ نعمت نام ، نصب، مالداری پر نہیں ملتی۔ بس جس پر میرا اللہ مہربان ہو جائے۔ کبھی کبھی اللہ انسان کیلیے نیکی کے راستے کھول دیتے ہیں ۔بس نیک اعمال کا میٹر چالو ہو جاتا ہے۔

ہجرت اللہ کا حکم ہے، ہم نماز میں کہتے ہیں:

ایاک نعبد و ایاک نستعین

یا اللہ ہم آپکی بندگی کرتے ہیں اور ہجرت آپکا حکم ہے۔ بالکل جسطرح نماز پڑھنا ، زکوٰۃ، حج آپکا حکم ہے۔ہجرت عبادت ہے۔جہاد عبادت ہے۔ اور یاد رکھیں ہم نے اللہ سے وعدہ کیا ہے۔دیکھا یہ گیا ہے کہ وہ عبادت جو آسان ہے جسمیں قربانی نہیں ہے ، تکلیفیں نہیں ہیں، گھر کا، رشتہ داروں کا بچھڑنا نہیں ہے، زخمی ہو نا نہیں ہے،شہید ہو نا نہیں ہے وہ سب کام ہم کرتے ہیں۔جبکہ جسمیں قربانی ہے، تکلیف ہے، اُس سے ہم پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ہم نے یہ وعدہ تو نہیں کیا کہ ہم کچھ عبادت کریں گے اور کچھ نہیں کرینگے۔ بلکہ ہم نے وعدہ کیا ہے کہ

ایاک نعبد و ایاک نستعین

اللہ ہم صرف آپکو الہٰ مانتے ہیں صرف آپ کا دیا ہوا نظام مانتے ہیں۔ایاک نعبد،صرف آپکی تابعداری کرتے ہیں۔اور اگر اس راستے میں تکلیف آتی ہے تو ایاک نستعین، مدد ہم صرف آپ ہی سے مانگتے ہیں۔یا اللہ ہم اپنی پوری کوشش کریں گے اور استقامت ہم آپ سے مانگتے ہیں۔

میں نے آج جس آیت کی تلاوت کی وہ سورۃ التحریم کی آیت نمبر ۱۱ ہے۔ اسمیں

اللہ تعالیٰ فرعون کی بیوی کی مثال پیش کرتے ہیں۔یہ مثال صرف عورتوں ہی نہیں بلکہ مردوں کیلیے بھی ہے۔یہ نبیﷺ کیلیے مثال ہے اور ہمارے لیے بھی ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تم فرعون کی بیوی کی طرح تابعداری دکھاو تاکہ تم جنت میں چلے جاو۔ جب حضرت آسیہؓ نے اپنے رب کو پکارا،

اے میرے رب میرے لیے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر بنا، اور مجھے فرعون اور اسکے عمل (کے شر) سے نجات دے۔اور مجھے ظالم قوم سے نجات دے۔

یعنی بی بی آسیہؓ نے رب سے التجا کی کہ یہ فرعون اور اسکے ظالم مشیر مجھے سزا دے رہے ہیں ، آپ مجھے ان سے بچا لیں اور مجھے ایمان پر استقامت دے دیں۔یا اللہ بس اس راستے میں قربانی آئے تو خیر ہے۔اگر زخمی ہو جائیں تو خیر ہے، اگر شہید ہو جائیں تو بھی خیر ہے۔ الغرض اللہ کے دین کی ہر خبر خیر ہے۔اللہ نے فرعون کی بیوی کی مثال دی ہے۔یہ واقعہ آپ کافی دفعہ سن چکے ہونگے ۔فرعون بہت بڑا جابر، ظالم حکمران تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ زمین اور آسمان کے درمیان بہت سے ظالم کافر گزرے ہیں اور بہت بڑے مومن بھی گزرے ہیں۔ فرعون مصر میں اپنی مرضی کی حکومت چلاتا تھا۔آج کے دور میں بھی فرعون موجود ہیں جو اللہ کے حکم کو پسِ پشت ڈال کر اپنی مرضی کی حکومت چلا رہے ہیں۔ کوئی لیبیا کا فرعون ہے تو کوئی تیونس کا، کوئی سعودی فرعون ہے تو کوئی مصری۔فرعون ہر اس شخص کو کہتے ہیں جو شخصی حکومت چلائے۔ یہ نظام بھی کافر ہے اور ساتھ جمہوریت بھی کافروں کا نظام ہے۔جبکہ تیسرا نظام خلافت ہے جو اللہ کا دیا ہوا نظام ہے۔ اور ہم صرف خلافت کے لیے تگ ودو کر رہے ہیں۔اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کو قائم کرنے کیلیے قربانی دینا کوئی بڑی بات نہیں۔

بہنوں!

اللہ نے ہم کو اس عظیم سعادت، انبیا و رسول و صحابہ کرام کی سنت پر اس دورِ جاہلیہ میں عمل کرنے کی توفیق دی۔اور ہمیں اس عظیم قافلے میں شامل کیا یہ اللہ کا بہت بڑا احسان ہے۔اگر ہم تمام عمر بھی اس نعمت کا شکریہ ادا کرتے رہیں تو کافی نہ ہوگا۔مصر کا فرعون بہت طاقتور تھا لیکن اللہ کے حکم سے اُسکا تختہ اُلٹ گیا اور انقلاب آگیا۔اللہ سبحان و تعالیٰ کی ذات بہت بڑی ہے۔وہ قوموں کے حالات بدلتا ہے۔ نہ کبھی ہمیشہ خوشحالی رہتی ہے اور نہ کبھی ہمیشہ بدحالی رہتی ہے۔ نہ کبھی ہمیشہ غم رہتا ہے اور نہ کبھی خوشی ہمیشہ رہتی ہے۔ اِسی طرح شکست اور فتح بھی ناپائیدار ہیں۔یہ اللہ کا قانون ہے یہ سنت اللہ ہے اب چاہے کسی کو پسند آئے یا نا آئے یہ نہیں بدلتا۔ فرعون مصر میں اپنا قانون چلاتا تھا اور جو کوئی اس حکم کی خلاف ورزی کرتا اسکو سخت ترین سزا دیتا۔کبھی مرد و عورت قیدیوں کو کنوئیں میں پھینک دیتا اور پھر فرعون کے سپاہی انہیں کنوئیں میں پتھر مار مار کر ہلاک کر دیتے۔یا پھر کنوئیں میں قیدیوں کو پھینک کر کنوئیں کا سر بند کر دیتا اور قیدی بھوک و افلاس سے سسک سسک کر مر جاتے۔ اللہ کا ایسا کرنا ہوا کہ اس متکبر، طاقت کے نشے میں اندھے فرعون کی اپنی چہیتی بیوی اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئی،یہ اللہ کی مرضی ہے کہ وہ جسے چاہے ہدایت دے۔جسکے دل میں ایمان داخل ہو جائے اُسکے لیے پھر کوئی چیز معنی نہیں رکھتی صرف ایک فکر رہ جاتی ہے کہ اللہ سے تعلق کیسے مضبوط کیا جائے، اللہ سے محبت کی جائے اور اس محبت کے سامنے سب کچھ بے معنی ہو جاتا ہے۔فرعون سے اُسکی مومنہ بیوی نے کہہ دیا کہ اب تم مجھ سے اپنا بستر الگ کر لو۔ میرا اُس وقت تک تم سے کوئی تعلق نہیں جب تک تم اللہ وحد ہ لا شریک لہ کی پاک ذات پر ایمان نہیں لاتے، جب تک تم زمین پر اور مصر میں اللہ کی حاکمیت والا نظام نہیں لاتے۔ فرعون اِس اچانک تبدیلی سے ششدر رہ گیا کہ میری حکومت، میرے رعب کو دیکھو اور اِس کمزور عورت کو دیکھو۔یہ میری بیوی ہے میں نے اِسے ناز و نخرے سے رکھا اور اب موسیٰ کے رب پر ایمان لے آئی ہے۔فرعون اپنی بیوی کو دھمکاتا ہے کہ کیا تم نے نہیں سنا کہ جو ایمان لاتا ہے میں اسکو بدترین سزا دیتا ہوں۔ میں اسکے ہاتھوں اور پیروں میں میخیں ٹھونک دیتا ہوں۔ وہ کہنے لگی کہ میں نے نہ صرف سُنا ہے بلکہ دیکھا بھی ہے۔لیکن میرا ایمان ہے کہ ہم سب کو اللہ سبحان و تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور ہم صرف اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور میں تمہارے مقابلے میں صرف اللہ ہی سے مدد مانگتی ہوں۔ مجھے ہر حال میں اُسی کی طرف لوٹنا ہے۔

بہنوں !

جو اللہ کے دین کو، توحید کو سمجھ جاتا ہے پھر اسکی دینی غیرت بھی ذیادہ ہوتی ہے۔ذرا سوچو! کہ آسیہ ایک عورت ہے، دوسرا فرعونِ مصر کی بیوی اور تیسرا عوام ہے جبکہ فرعون حاکم ہے۔ اِن تین کمزوریوں کے باوجود بھی آسیہ کا ایمان قائم ہے، شریعت کو نہیں چھوڑا۔وہ سبحان اللہ اپنا سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتی ہے لیکن دین کو چھوڑنے پر تیار نہیں۔اسمیں ہمارے لیے سبق ہے۔ مرتے دم تک ایمان پر قائم رہنا ہے، دین پر کوئی سمجھوتا نہیں کرنا اور کسی طاغوت سے مرعوب نہیں ہونا۔اللہ نے آسیہؓ کو جنت میں اپنا محل دکھا دیا۔ بس ہمیں بھی یہ تکالیف صرف مرتے دم تک برداشت کرنی ہیں کیونکہ مرنے کے بعد جنت ہے۔وہاں تم خواتین حوروں سے بھی ذیادہ خوبصورت ہو گی۔وہاں بہت آسائشیں ہیں۔ خوبصورت لباس، زیورات، محلات ہیں۔ دودھ، شہد کی نہریں ہیں۔ مزے مزے کے کھانے ہیں کوئی محنت نہیں ہے، نہ کوئی گھر کا کام ہے نہ کوئی نماز، روزہ۔اور سب سے بڑھ کر اللہ کا دیدار ہے۔

فرعون سمجھ گیا کہ آسیہؓ اپنے ایمان سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔فرعون نے موجودہ حکمرانوں کی طرح پر تشدد پالیسی اپنائی۔ سپاہیوں کو حکم دیا کہ ہر روز آسیہ کو باہر لے جاکر دوپہر کے وقت تیز تپتی ہوئی دھوپ پر لٹا دو اور سینے پر بھاری پتھر رکھ دو اور سورج ڈھلنے تک رہنے دو۔ دیکھو میری بہنوں، یہ کوئی عام عورت نہیں ہے بلکہ صدر کی بیوی ہے۔ اسکے پاس شاندار محل، کپڑے، زیورات، نوکر سب کچھ تھا لیکن جیسے ہی رب کی محبت دل میں داخل ہوئی ایک آن میں سب کچھ چھوڑ دیا۔ اپنی طرف دیکھیے ہم نے کیا چھوڑا ہے۔ شاید کوئی چھوٹا سا گھر، ایک دو لذیذ کھانے اور بس! کیا یہ بہت بڑی قربانی ہے؟ بدلے میں اللہ کے دین نے ہمیں کیا نہیں دیا۔ہمیں عزت سے نوازاہے۔ہمیں الحمدللہ ہجرت میں گھر، مال، اولاد کی کوئی کمی نہیں ہوئی۔پہلے سے ذیادہ ہمارے پاس ہے۔

غور کیجیے کہ ہم نے اللہ کے دین پر غیرت کی ہے۔یہ بہت بڑی بات ہے۔ دل میں خوشحالی صرف ایمان سے آتی ہے، اللہ کی اطاعت ہی دلوں کو اطمینان اور خوشی دیتی ہے۔

(جاری ہے!!!)

ایک کا ایک ہزار سے مقابلہ:

جنگِ یرموک میں جبالہ بن ال اےہام ساٹھ ہزار عرب عیسائیوں کے لشکر کے ساتھ تیس ہزار مسلمانوں کے لشکر سے مقابلے کے لئے میدان میں اترا۔حضرت ابو عبیدہ بن جرہ رضہ مسلمانوں کی قیادت کر رہے تھے۔ مسلمانوں نے جنگ شروع ہونے سے پہلے جنگی حکمتِ عملی کے بارے میں مشاورت کی۔ سیف اللہ حضرت خالد بن ولیدرضہ نے حیران کن منصوبہ پیش کیا: تیس بہترین جنگجوؤں کو ساٹھ ہزار کے لشکر سے مقابلے کے لیے بھیجو۔آخر کار وہ ساٹھ جنگجوؤں کو بھیجنے کے لیے تیار ہو گئے۔ ساٹھ بہادر مجاہدین کو چُننے کے بعد حضرت خالد بن ولیدرضہ نے اُن سے ساٹھ ہزار مسلح دشمنوں سے نبرد آزما ہونے کے بارے میں انکے خیالات پوچھے: سب ساٹھ نے جواب دیا: ”ابو سلیمان! ہمارے ساتھ وہ کریں جو آپکی مرضی ہے! جتنے مرضی دشمنوں کے مقابلے میں آپ ہمیں بھیجیں، واللہ! ہم اپنے دشمن سے لڑیں گے تاکہ اللہ کا دین بلند ہوسکے۔ ہم اپنا بھروسہ مکمل اللہ رب العزت کی ذات پر رکھتے ہیں۔ہم آخرت کی آرزو میں اپنی دنیا قربان کرنے کو تیار ہیں“ اِن ساٹھ نے اپنے پیاروں کو الوداع کہا۔ہر ایک کو اکیلےایک آرمی سے مقابلہ کرنا تھا۔خونخوار جنگ شروع ہوئی ۔صحابہ کرام استقامت کے ساتھ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ لڑے۔ہر ایک نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔دشمن کے قدم اُکھڑ گئے۔ اور ایسا لگتا تھا کہ وہ ایک بہت بڑی فوج سے نبرد آزما ہیں۔ حضرت خالد بن ولیدرضہ اور صحابہ کرامرضہ خون ریز جنگ سے فاتح بن کر واپس آئے۔ ساٹھ میں سے دس صحابہ نے جامِ شہادت نوش کیا۔جبکہ دوسری طرف پانچ ہزار کفار جسمیں اُنکے دو بڑے کمانڈر بھی شامل تھے واصلِ جہنم ہوئے۔اور یہ صرف ساٹھ صحابہ کے ہاتھوں سے انجام پایا۔

میرا سفر ظلمت سے نور کی وادیوں میں

از ڈاکٹر خولہ بنت عبدالعزیز

ائیرپورٹ پر لوگوں کا جمِ غفیر موجود تھا، ہر کوئی اپنی منزل پر جلد از جلد پہنچنے میں کوشاں تھا۔تا حدنظرسرخ و سفید رنگت، بھورے بالوں اور نیلی آنکھوں والے مردہ چہرے، روبوٹ کی طرح چلتے اجسام میرے سامنے تھے۔ہر گزرتا لمحہ طویل سے طویل تر ہوتا جارہا تھا۔ میں کافروں کے دیس کو ہمیشہ کے لئے خیرآباد کہہ چکی تھی ۔خوف تھا کہ کہیں اب جان اِس دارالکفر میں نہ نکل جائے۔یہ خوف بھی دل کے کسی کونے کھدرے میں موجود تھا کہ کہیں ِمیں اِس کافر ملک کی خفیہ ایجنسی کی نظر میں تو نہیں آگئی۔ اپنی عالمہ(دینی استانی) کی وارننگ میرےسامنے تھی۔اُس نے مجھے کہا تھا کہ امیگریشن سے نکلتے ہوئے احتیاط کرنا یہ کافر پاگل کتوں کی طرح مومنین کے پیچھے لگے ہوئے ہیں جہاں کہیں ایمان کی ہلکی سی رمق پاتے ہیں فورا" جھپٹ پڑتے ہیں۔الحمدللہ بغیر کسی رکاوٹ کے میں امیگریشن سے گزر گئ ۔جہاز پر سوار ہوتے ہوئے میں نے اپنی عزیز عالمہ کو آخری میسیج کیا،"میں بہت جلد دارالکفر سے نکل جاؤں گی،اللہ سے دعا ہےکہ وہ اپنی عظمت کےمطابق آپکو اَجر ِعظیم سےنوازے ،اللہ آپکے خواب کو پورا کرے اور ہم جلد میدانِ جہاد میں ملیں،اور اگر دنیا میں نہیں تو انشاءاللہ بروزِ قیامت اللہ کے عرش کے سائےتلے جمع ہوں۔"
جہاز نے اُڑان بھرنے کے لیے پر پھیلائے، دل کی دھڑکن تیز ہوتی محسوس ہوئی، آنکھوں سے زاروقطار آنسو رواں ہونے لگے۔سر بے اختیار رب العزت کے آگے سجدے میں جھُک گیا ، کیا کہنے میرے رب کی رحمت کے ،مجھ جیسی گنہگار ربِ کریم کی رحمت سے تنِ تنہا دارالکفر سے ہجرت کرکے عظمتوں اور برکتوں کی سرزمین "خراسان" کی طرف گامزن تھی۔ میں نے آنکھیں بند کرلیں۔اندر باہر، چاروں طرف سکون ہی سکون محسوس ہوا۔میری زندگی کے اِس کافر ملک میں گزرے نو سال آنکھوں کے آگے تیزی سے گزرنے لگے۔پاکستان سے ایم۔بی۔بی۔ایس کرنے کے بعد میں بیرونِ ملک چلی گئی۔ دیگر مسلمان نوجوانوں کی طرح میں بھی مغربی کھوکھلی تہذیب اور جھوٹی چمک دمک سے متاثر دنیا کے ایک کونے کو چھوڑ کر دوسرے کونےکی طرف تنِ تنہا روانہ ہوئی، میرا مقصد اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا تھا تاکہ میں بھرپور دنیا کما سکوں اور اپنے ہموطنوں اور خاص کر پاکستانی فوج کی خدمت کروں۔ میری اس سوچ کو سمجھنے کےلیے آپکو پہلے میرے ماضی میں جھانکنا ہوگا۔ میں نے ایک فوجی گھرانے میں آنکھ کھولی۔میرا باپ پاکستانی فوج میں افسر تھا۔ پاکستان کے بیشتر فوجی گھرانے غیر اسلامی اور مغربی طرزِ زندگی اپنا ئےہوئے ہیں آخر ایسا کیوں نہ ہو جب کہ اِنکی تعلیم و تربیت ہی کافروں کے تیار کردہ اسلام دشمن اور طاغوت دوست نصاب پر مشتمل ہے۔میں نے بھی بچپن ہی سے نماز، روزے اور زیادہ سے زیادہ حج کو صرف دین سمجھا، میں نے جب معاشرے میں جاری ناانصافی، ظلم، دولت کی بناء پر قائم طبقاتی تضاد کو محسوس کیا تو میری نظریں ایسے نظامِ حیات کی متلاشی تھیں جو انسان کو اِس اذیت سے نکالے اور عزت دار زندگی دے۔بدقسمتی سے میں نے اسلام کو جانے اور پڑھے بغیر ایک نامکمل نظامِ حیات اور صرف عبادات و ریاضت کا مجموع سمجھا اور یوں میں اِس برکتوں اور رحمتوں بھرے دین سے بے بہرہ ہی رہی۔میں نے مختلف تہذیبوں کا سرسری مطالعہ کیا اور میری نظریں مغربی و جدید تہذیب پر آ کر رک گئیں۔ میں نے اپنے پیارے وطن پاکستان اور دیگر مسلم ممالک کے مسائل کا حل اِسی "دجالی" تہذیب میں محسوس کیا ،افسوس صد افسوس کہ میں نے رہزن کو ہی رہبر سمجھا۔ شاید یہی ایک اہم وجہ تھی کہ میں نے بیرونِ ملک جانے کا پروگرام بنایا ۔ میں نے انگریزوں کی بنائی ہوئی اِس فوج کو بہت قریب سے دیکھا۔میں نے آرمی پبلک سکول سے تعلیم حاصل کی۔مجھے یہ کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ سیکیولر نصاب پر مشتمل یہ سکول درحقیقت انگریزوں کے غلام اور اسلام کی جڑوں کو کاٹنے والے مشرف اورکیانی پیدا کرنے کےکارخانےہیں۔اِن سکولوں میں موجود دین سے بے بہرہ اور مغربیت سے متاثر اساتذہ نے مجھے دینِ اسلام سے مزید متنفر کر دیا۔سکول میں مردو زن کے آزادانہ اختلاط نے میری اور بہت سے دوسرے نوجوانوں کی اخلاقی تباہی میں بنیادی کردار اداکیا۔مزید یہ کہ فوجی طرزِ حیات جسمیں "کلاس سِسٹم" کو بنیادی اہمیت حاصل ہے سکول ہی سے ہمارے ذہنوں میں بٹھا دیا گیا۔ سکول میں اساتذہ بچوں سے اِنکے والد کے عہدے کے مطابق سلوک کرتے اور طالبعلم بھی ایک دوسرے سے اِنہی بنیادوں پر سلوک رواں رکھتے۔الغرض طالبعلموں میں متکبرانہ سوچ پہلے دِن ہی سے جڑ پکڑ لیتی ہے۔ فوج کو ہمارے سامنے قومی اور اسلامی ہیرو بنا کر پیش کیا گیا ،یہی نہیں بلکہ ہمیں پڑھایا گیا کہ مغرب مثلا" امریکہ،آسٹریلیا، انگلینڈ ایک مثالی معاشرہ ہے جسکے کردار بھی مثالی ہیں مثلا ہیلن کیلر ،ڈارون وغیرہ ۔ ہمارے معصوم بچوں کے ذہنوں میں بچپن ہی سے غلامانہ سوچ اور کافروں کی بڑائی بٹھا دی جاتی ہے کہ اُنکی تقلید و تائید میں ہی ہماری عافیت ہے۔ دل کے کونے کھدرے میں بحثیت مسلمان جو بھی اسلام سے محبت پائی جاتی ہے اسے ایک سرسری اور ٹائم پاس مضمون جسے "اسلامیات" کہتے ہیں کہ نام سے خاموش کرادیا جاتا ہے۔ مجھے یاد ہے میری آرمی پبلک سکول میں اسلامیات کی ٹیچر بلکل بے پردہ تھی اور کبھی بھی اُس نے ہمیں نماز نہ پڑھنے اور روزہ نہ رکھنے پر تنبیہ نہ کی۔ پھر ہم بڑی عمر کی لڑکیوں کو ایک فوج کے تنخواہ دار مولوی نے اسلامیات پڑھائی ۔
جہاز بلندیوں کو چیرتے ہوئے تیزی سے مسافتیں طے کر رہا تھا۔میرا دماغ تیزی سےماضی کی مسافتوں کوچیرنے لگا۔آخر فوج کی تمام ظاہری برائیوں کےباوجود میں اِس سحرِ میں کیوں

گرفتار رہی، میں اِتنے عرصے پاکستانی فوج کو اسلام پسند ،باکردار،غیرت مند کیوں سمجھتی رہی۔قیامِ پاکستان کے بعد اور خصوصاً" سن دو ہزار ایک کے بعد سے فوج نے جس طرح سے امریکیوں کے زر خرید غلام کا کردار ادا کیا ہےاور اسلام کی جڑیں کاٹنے میں جس جانفشانی کا مظاہرہ کیا ہےوہ آنکھوں سے پردہ اُٹھانے کیلئے کافی ہے۔پھر بھی میں بلکل جاہل بنی رہی۔ میں فوج کو مجاہدینِ اسلام اور مجاہدین کو دہشت گرد سمجھتی رہی۔شاید اسکی وجہ یہ ہے کہ فوج سے کسی طرح کا بھی تعلق رکھنے والوں کی باقاعدہ لادینی، سیکولر بنیادوں پر تربیت کی جاتی ہے،پھر میڈیا، آرمی سکول کالجوں میں جھوٹ کا ڈنکا اِس زور سے بجایا جاتا ہے کہ کوئی اور آواز سنائی نہیں دیتی اور سچ جھوٹ اور جھوٹ سچ لگنے لگتا ہے۔
یہ تو تھی میری سیکولر تربیت آرمی سکول،کالجوں میں ۔ میرا گھر فوجی چھاؤنی میں تھا۔عوامی علاقوں سے اِن چھاؤنیوں میں داخل ہونے والا اپنے آپکو ایک نئی دنیا میں محسوس کرتا ہے۔ دونوں اطراف کا فرق بہت واضح ہے فوجی چھاؤنیاں جنہیں عسکری تربیت و پلاننگ سنٹر ہونا چاہیے تھا وہ در حقیقت عیش و عشرت کااور مغربی طرزِ زندگی مرکز ہیں۔ دن کو دفتروں اور یونٹوں میں "یس سر،یس سر" کی تقرار اور رات کو اِنہی افسروں اور اِنکی جوان اولادوں کے ساتھ مغربی دُھنوں پر رقص و سرور کی محفلیں جمانا ، جوئے کا کھیل کھیلنا (جسےفوج میں تمبولہ نائٹ کے نام سے جانا جاتا ہے)، کلبوں اور آرمی میسوں میں ہونے والی پر تعیش پارٹیاں جس میں مردو زن کا کھلا اختلاط، انگریزوں کا سا رنگ ڈھنگ اپنانا، یہ سب اِس فوج کا شعار رہا ہے وہ فوج جو اپنے آپکو "مجاہدینِ خراسان" کہتی ہے۔
مزید برآں جس چیز نے میرے دل میں فوج کے خلاف جذبات کو فروغ دیا وہ "کلاس سسٹم" تھا۔فوج میں ایک سپاہی کی وقعت پالتو کتے سے زیادہ نہیں،ایک طالبان کمانڈر نے اپنے ایک بیان میں پاکستان فوج میں سپاہی کے کردار کی تصویر کشی اِن الفاظ میں کی ہے" فوج میں سپاہیوں کو شودروں کی طرح اور افسروں کو برہمنوں کی طرح رکھا جاتا ہے۔افسروں کے بیت الخلاء سپاہیوں کی بیرکوں سے زیادہ بہتر ہیں،پاکستانی سپاہی زمین پر موجود سب سے احمق مخلوق ہے جو اپنی دنیا اور آخرت چند ٹکوں کی خاطر تباہ کر دیتے ہیں، سپاہی سب سے زیادہ نقصان اُٹھاتے ہیں اور اُنہیں سب سے کم صلہ ملتاہے۔"
الغرض اِن سب اخلاقی برائیوں کی وجہ سے دوسرے بہت سے لوگوں کی طرح میں بھی فوج سےبدظن تھی لیکن چونکہ میں اپنے چاروں طرف اِس سسٹم کے خلاف کوئی بغاوت نہیں پاتی تھی اور اگر کوئی اشارے کناؤں میں بھی بات کرتا تو اِسے انتہائی قبیح اور غدارانہ اور ملک دشمن فعل تصور کیا جاتا کہ سوچنے والاخود نادم ہو جاتا۔ چنانچہ میں نے بھی ظلمت کا لبادہ اوڑھ لیا۔ جب سن دو ہزار ایک کے بعد فوج نے کھلم کھلا صلیبیوں کا ساتھ دیتے ہوئےاسلامی امارت افغانستان کو ڈھانے کی کاوشیں شروع کیں تب بھی میں بدقسمتی سے اِس فوج کی وفاداری کے گن گاتی رہی، میں اور بہت سے نوجوان یہ سوچتے رہے کہ یہ سب کچھ پرویز مشرف ملک کی بقاء کے لیے کر رہا ہے اور امارت اسلامی میں موجود مجاہدین دراصل یہودی اور انڈین ایجنٹ ہیں جو پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔

یہاں میں دجالی میڈیا کے کردار کا تذکرہ بھی کرتی چلوں۔ زمینی جنگ شروع ہونے سے پہلے مغربی میڈیا نے اقوام متحدہ اور امریکہ کے ایماء پر میڈیاکی جنگ شروع کی۔پوری دنیا میں ایمرجینسی کی خود ساختہ کیفیت نافذ کر دی گئی،اسلامی امارت کو انسانیت کا بدترین دشمن اور دہشت گردی کا مرکز قرار دیا گیا۔سکیورٹی کونسل کے اجلاس پر اجلاس بلائے گئے۔ اخبارات اور حالاتِ حاضرہ کےٹاک شوز کےذریعے عوام میں دہشت کی فضا کو فروغ دیا گیا اور یہ احساس پیدا کیا گیا کہ امریکہ ناقابلِ تسخیر قوت ہےجسکے آگے سب اقوام ہیچ ہیں۔ ہماری زندگی اور موت امریکہ کے ہاتھ میں ہے۔ الغرض "امریکی بت" اسمبلی اور پارلیمنٹ میں کھڑا کر دیا گیا جسکے آگے ہمارے سیاستدان اور جرنیل سجدے میں گر گئے۔عوام اور نچلے طبقےکے فوجی سب اِس دہشت کی فضا میں خاموش تماشائی بنے اپنے بڑوں کے پیچھے پیچھے چلے، درحقیقت مجھ سمیت بہت سے لوگ جان بوجھ کر انجان بنے رہے۔ خود غرضی اور بے حسی کی تصویر۔ورنہ اُس وقت بھی حق اور باطل اِس قدر واضح تھا کہ سادہ لوح عوام کے لیےحق کو پہچاننا آسان تھا لیکن اصل مشکل ہر دور میں حق کو پہچاننے میں نہیں بلکہ اُس کا ساتھ دینے اور طاغوت سے ٹکرانے میں ہے۔
یہ سوال مجھ سے سب سے زیادہ پوچھا جاتا ہے کہ آخر کیسے اچانک میں نے اللہ کی توفیق سےظلمت سے نورکی طرف سفر کیا۔درحقیقت مجھے اِس ہدایت کی کئی سالوں سے تلاش تھی جیساکہ میں نے پہلے بیان کیا کہ میں ایسے نظامِ حیات کی تلاش میں تھی جو انسانیت کو موجودہ ظالمانہ نظام سے نجات دلائےاور ایک منصفانہ، پر اَمن معاشرہ ترتیب دے جو حضرتِ انسان کی جسمانی و روحانی نشونما کا باعث بنے۔
میں نے بہت جلد بیرونِ ملک میں ترقی کی منزلیں طے کیں۔فزیشن ٹریننگ میں داخل ہونے کے بعد میں نے کامیابی سےفزیشن امتحان پاس کیا۔ میری زیادہ تر ٹریننگ دل کے امراض میں تھی ۔مجھے شروع سے دل کی سحر انگیز تخلیق و پیچیدہ مشنری انتہائی متاثر کرتی رہی۔میں اکثر کیتھ لیب (دل کے آپریشن کا کمرہ) میں کھڑی ہو کر دل کو اور اسکو جکڑی ہوئی لاکھوں رگوں کا مشاہدہ کرتی۔کیسے ایک ہاتھ کے برابر یہ گوشت کا لوتھڑا پورے جسم کو خون پمپ کرتاہے،میں بے اختیار اِس کے اور ہر شے کے خالق کی عظمت و بزرگی کے خیال سے ہی کانپ اُٹھتی۔ اس وقت میں اسلام میں دل کے کردار سےنا واقف تھی۔لیکن اب میں اکثر اس گوشت کے لوتھڑے کے بارے میں سوچتی ہوں جو اگر صحیح ہےیعنی تقویٰ کی راہ پر ہے تو تمام جسم صحیح ہے اور اگر وہ خراب ہے تو تمام جسم خراب ہے اُسکا نام دل ہے۔ یقیناً" جدید سائنس آج قرآن و سنت سے خالی ہونے کی وجہ سےانسانی جسم ،امراض کو اور انکے حل کو صحیح طور پرسمجھنے سے قاصر ہے۔کیا وہ ہی بہترین نہیں جانتا جس نے تخلیق کیا؟ اسکے علاوہ جب بھی میں کافروں کو بسترِ مرگ پر دیکھتی تو میرا دل دہل اُٹھتا ۔ نااُمید ، تاریک آنکھیں، موت کی وحشت،دنیا اور مال و متاع ہمیشہ کے لئے چھِن جانے کا غم، وہ دنیا جسکے لئے پوری عمر گزار دی اب آخر میں وہ بے وفا یوں چھوڑ کر چل دی جیسے

کہ جانتی ہی نہ ہو۔پھر اپنوں کا ساتھ چھوڑ جانا یہ سب اِن کافروں کا بسترِ مرگ پر حشر تھا۔ ایک بلڈ کینسر کا مریض میرے وارڈ میں داخل تھا اُسے ہم نے تقریبا دو ہفتے کا وقت دیا کہ اِس سے آگے تمہاری زندگی کی سانسیں مشکل نظر آتی ہیں۔ جب میں ہر روز اُسکے کمرے میں معائنے کے لیے جاتی تو وہ گھڑی کو گھور کر دیکھتا اور کہتا،"ڈاکٹر دس دن باقی ہیں" دوسرے روز کہتا،"ڈاکٹر نو دن باقی ہیں" اور آخر کار کچھ دنوں کےبعد وہ مر گیا۔اُسکی نااُمید خوفزدہ آنکھیں میرے دل کو بھی خوفزدہ کر گئیں۔ میں اکثر رات کو ڈرائیونگ کرتے ہوئےاُن آنکھوں میں بسی نااُمیدی اور خوف کو اپنے سامنے دیکھتی اُس وقت وہ نا اُمیدی میرے دل میں بھی اُتر جاتی اور کبھی کبھی گاڑی سمیت سمندر میں اُتر جانے کا خیال میرے دل میں آتا۔میں اُسوقت دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرتی اور گڑ گڑاکر دعا کرتی کہ" اے دلوں کا حال جاننے والے رب! مجھے اِن ظلمتوں کے اندھیروں سے ہدایت کی روشنیوں میں لے جا ۔میں اِس پر فریب ،لاحاصل دنیا سے متنفر ہوں۔

لیکن دنیا تھی کہ میری طرف لپک کر آتی ۔مجھے میری اعلیٰ کاکردگی کی بنا پر پی ۔ایچ ۔ڈی سکالر شپ ملا، جس میں دل کے باریک خلیوں پر ریسرچ کرناشامل تھا۔دنیا میری مٹھی میں تھی ،پیسا ،شہرت،عزت الغرض ہر چیز مجھے ملی جس مقصد کے لئے میں نے پاکستان چھوڑا تھا وہ میری اُمید سے زیادہ بڑھ کر پورا ہوا۔لیکن پھر بھی دل میں کوئی اور پیاس باقی تھی۔ میں اب بھی اپنے آپکو ناخوش ،غیر مطمئن پاتی تھی اور دل کی تاریکی تھی کی بڑھتی ہی جاتی ۔یہ سوچ کر میں نے دنیا گھومنے کا ارادہ کیا کہ شاید وہاں میری پیاس بجھ جائے۔لیکن ہر جگہ پیسے کی دوڑ ، اخلاقی بے راہ روی ، نفس کی پرستش نظر آئی ۔انسان جانور سے بدتر محسوس ہوا۔ آج دنیا کی محبت میں آخرت کو فراموش کرنے والوں کےلیے میری کہانی عبرت ہونی چاہیے ۔اُس وقت میرا ہینڈ بیگ دو لاکھ کا، جوتے لاکھ لاکھ روپے کےاور عام استعمال کے کپڑے لاکھ ،پچاس ہزار سے کم نہ ہوتے، جہاز کا سفر میرےلیے سائیکل کے سفر سے ارزاں تھا، ہوٹل میں ایک وقت کا کھانا تیس، چالیس ہزارسے کم نہ ہوتا۔انگریز میرے پرائیوٹ کلینک کے باہر ہاتھ جوڑے خادموں کی طرح کھڑے ہوتے۔ الغرض اگر دنیا کی زندگی ہی خوشی و روحانی راحت کا باعث بنتی تو میں شاید خوش اور پر سکون زندگی گزار رہی ہوتی۔ لیکن حقیقت اسکے برعکس تھی، مجھ سے زیادہ روحانی مفلسی، اخلاقی بدحالی ،قلبی تاریکی، اعصابی تناؤ کا شکار شاید بہت کم لوگ تھے اور اسکی وجہ میرے ضمیر میں جاری حق و باطل کی نہ ختم ہونے والی جنگ تھی ۔۔دن ہسپتال میں کافر مریضوں کی "خدمت" میں گزرتا اور رات کافروں کے ساتھ ڈنر پارٹیز میں یا کلبوں میں۔ہر دم یہ احساس باقی رہتا کہ میں ایک جھوٹی ، بے مقصد سی انسانیت کے اعلیٰ معیار سے گری ہوئی زندگی بسر کر رہی ہوں ۔میرے اردگرد کے اکثر لوگ اِس زندگی سے نہ صرف خوش نظر آتے بلکہ اِسی کے حصول میں کوشاں رہتے۔شاید وہ ضمیر کو درگور کر چکے تھے۔ آخر میں نے اسلام کی طرف لوٹنے کا فیصلہ کیا اور میرا رخ مساجد کی طرف ہوا۔ مجھے اپنے سامنے ایک زندہ اعلیٰ کردار کی تلاش تھی جو ایک رول ماڈل ہو اور میں اُس سے دین کو سمجھوں ۔لیکن جیسا کہ نبی ﷺ نے ہمیں خبردار کیا تھا کہ آخری وقت میں بدترین مخلوق یہ گمراہ کرنے والے عالمِ دین ہی ہوں گے۔ مجھے وہ اپنے سے زیادہ دنیا کے حریص اور دین کی روح سے بے بہرہ محسوس ہوئے۔ناکامی میں نے عیسائیت اور یہودیت کا مطالعہ شروع کیا لیکن انکی تعلیمات مجھے سب سے بڑھ کر عقل کے خلاف اور ناقابلِ عمل لگیں۔ میں نے انتہائی اُداسی اور ڈپریشن کی حالت میں اللہ کی طرف پھر صدقِ دل سے رجوع کیاکہ "یا اللہ ! میرا دل گواہی دیتا ہے کہ آپ ہی ہر چیز کے خالق و مالک ہیں، میں آ پ سے بھیک مانگتی ہوں کہ مجھے اُس زندگی کی طرف ہدایت دیں جو صحیح معنوں میں زندگی ہے "۔کچھ اور واقعات کا ذکر کرنا چاہتی ہوں جو میری توبہ کا ذریعہ بنے۔ ایک دفعہ ایک عورت میرے وارڈ میں داخل ہوئی اُسے بلڈ کینسر تھا اس کےچہرے پر عجیب سی سیاہی اور خوف کے اثرات تھے۔میری ٹیم کے اندازے کے مطابق اُسکی صحت بہتری کی طرف گامزن تھی۔ایک دن میں معمول کی طرح اُسکے کمرے میں معائنہ کی غرض سے گئی اُسکی آنکھیں خوف کے مارے پھٹی جارہی تھیں اور وہ کانپ رہی تھی ۔میں نے پریشانی کی وجہ پوچھی تو وہ گویا ہوئی ،" وہ لوگ مجھے لینےآ گئےہیں اور اب میری موت کا وقت قریب ہے"۔ میں نے حیرت سے پوچھا کہ کون لوگ؟ تمہارے کمرے میں تو پورا دن کوئی نہیں آیا۔ میں نے کہا کہ رپورٹس کے مطابق تم بہتر ہو رہی ہو۔ وہ خوف سے بولی ،" نہیں اب مجھے کوئی نہیں بچا سکتا "۔ میں نے اُسے ذہنی سکون اور نیند کی گولیاں دیں ۔پھر دوسرے دن جب میں ڈیوٹی پر واپس آئی تو معلوم ہوا کہ وہ انتہائی تکلیف کی حالت میں مر گئی ۔موت کے وقت اُس کے منہ سے جھاگ نکل رہی تھی اور موت کی سختی کئی گھنٹوں تک جاری رہی ۔ میں یہ سوچ سوچ کر پاگل ہو رہی تھی کہ آخر کون تھا اُسکے کمرے میں اور اُسے اپنی موت کا یقین کیسے تھا۔میرے پاس جواب نہیں لیکن موت کا خوف، نا اُمیدی اور موت کی سختی جو کچھ اللہ نے مجھے دکھایا وہ مجھے بہت کچھ باور کرا گیا۔ اب میں مسلسل موت کے خوف میں مبتلا رہتی۔پھر میں نے دیکھا کہ کافر کے مرتے ہی ایک گلے سڑے ہوئے گوشت کی طرح بدبو اُٹھتی۔جو نہ صرف میرے لیے بلکہ مریض کے رشتے داروں کےلئے ناقابلِ برداشت ہوتی۔موت کی تکلیف کبھی کبھی ہفتوں جاری رہتی، جسے ہم غرغرا کہتے ہیں ۔ میں نےشعبہ نفسیات میں بھی کام کیا۔ کافروں میں خودکشی کا تناسب بہت ذیادہ ہے۔دماغی امراض خاص کر ڈپریشن بہت ہےظاہری طور پر نارمل نظر آنے والے لوگ جب میرے کلینک آتے تو مجھے اُنکی حقیقت کا اندازہ ہوتا وہ ذہنی انتشار ، بے سکونی ، ڈپریشن کا شکار تھے۔ایک بے مقصد سی جانوروں والی زندگی گزارنے سے تنگ نظر آتے۔میں اِس روشنیوں سے بھری جدید تہذیب کا اصل چہرہ دیکھ چکی تھی ۔ یہ دجال کے پیروکاروں کا بنایا ہوا سرمایہ دارانہ نظام دراصل ایک خاص

طبقے کو امیر سے امیر تر بنانے ، تمام مادی وسائل پر قبضہ کرنے اور انسانیت کو اپنا غلام کرنے کانظام ہے۔جمہوریت انہی لوگوں کا بنایا ہوا بت ہے جو اِن شیاطین کو صاحبِ اقتدار رکھتا ہے اور آئین جسکو انتہائی مقدس قانون سمجھا جا تا ہےوہ اِن جابر حکمرانوں کے انسان دشمن کردار کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔مجھے احساس ہوا کہ جب میں طب کی اتنی ضخیم کتابوں کا مطالعہ کر سکتی ہوں تو قرآن کو تو خاص ہماری ھدایت کےلئے بھیجا گیاہے مجھےقرآن کو خود پڑھنا چاہیے اور اُس میں یقینامیرے تمام مسائل کا حل موجود ہے صرف اللہ سبحان و تعا لیٰ ہی انسان کو ایسے طریقہ حیات کی طرف رہنمائی دے سکتے ہیں جو انسان کو انسان کی غلامی سے نکال کر باعزت زندگی کی طرف لے جاتا ہے، یہاں میں ذکر کرتی جاؤں کہ بڑھتی عمر کے ساتھ میرے والدین کو اللہ نے توبہ کی توفیق دی اُنکی طرف سے بھی مجھے متواتر یہ نصحیت آتی کہ قرآن کا مطالعہ کرو لیکن شاید میرے بگڑے ہوئے نفس کو ابھی ایک اور جھٹکے کی ضرورت تھی۔ میں اپنے اردگرد کی شیطانی دنیا سے نکلنے کی کوشش کرتی اور ہر بار میرا پروان چڑھتا ہوا میڈیکل کیرئیر یاپھر بھٹکے ہوئے دوست مجھے واپس پلٹنے پر مجبور کر دیتے ۔ آخر میری روحانی بیماری جسمانی بیماری بن کر ظاہر ہوئی ۔میں اچانک آنتوں کی انتہائی تکلیف دہ بیماری میں مبتلا ہو گئی ۔مجھے نوکری چھوڑنی پڑی ۔یقین مانیئے ایک لحاظ سے میں نے اِس بیماری کو اللہ کی مدد سمجھا، تمام دوستوں سے لاتعلقی اختیار کر لی اور ہسپتال کو لکھ کر بھیج دیا کہ میں نامعلوم عرصے تک واپس نوکری پر نہیں آ سکوں گی۔گوشہ نشینی اختیار کر لی تاکہ سب سے تعلق توڑ کر صرف اپنے محبوب ربِ کریم سے تعلق جوڑ لوں۔مجھے یاد ہے کہ جب مجھے اپریشن کےلیےلے جایا جا رہا تھا اُس رات میں نے روتے ہوئےدعا کی،'' یا رب آپ الرحمن الرحیم ہے،آپکو اپنی رحمت کا واسطہ مجھے اِس نفس و شیطان کی پجاری زندگی سے نکال کر ایسی زندگی میں لے جائیں جس میں صرف ایک رب العزت کے آگے تسلیم ہوناہو۔''میں انتہائی تکلیف کے عالم میں اللہ رب العزت کے آگے سجدہ ریز ہو گئی مجھے ایسا سکون نصیب ہوا جو اُس سے پہلے کبھی محسوس نہ ہوا تھا۔ سجدہ تو کیا لیکن سجدے میں کچھ نہ کہہ سکی میری جہالت دیکھئے کہ نماز تو دور کی بات سجدہ میں کی جانے والی تسبیح تک یاد نہ تھی، شاید پڑھنے والوں کو میری گمراہ کن حالت پر حیرت ہو لیکن یقین مانیے کہ فوجیوں ،سیاستدانوں، بیوروکریٹوں کی اولادوں کا آج یہی حال ہے آخر کیوں نہ ہو، ان اداروں کا نصب العین صرف کفار کی مدد کرنا اور اسلام کا قلع قمع کرنا ہے اور اِس کفریہ عمل کے بدلے اِنہیں کیا ملتا ہے صرف چند ڈالر جس سے انکی اولادیں بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرتی ہیں اور باپ سے بڑھ کر بیٹا کفار کا معاون اور اللہ کا دشمن ثابت ہوتا ہے گنہگار اولاد درحقیقت اللہ کی طرف سے اِن ظالموں کی سزا ہے۔ الحمدللہ مجھے اپنے گناہ کا احساس ہو گیا تھا، احساسِ ندامت سے آنسو نہ رکتے تھے، ہر لمحے رب العزت سے توبہ کی توفیق اور قبولیت مانگتی۔یقین مانیئے میری توبہ کے صرف پانچ روز کے بعد میری آنتوں کا دوبارہ معائنہ ہوا اور حیرت انگیز طور پر یہ معلوم ہوا کہ میرا اندرونی زخم تقریباپچانوے فیصد ٹھیک ہو گیا ہےمیرے انگریز معالج دنگ رہ گئے لیکن میں نے اُنکو انتہائی اطمینان سے کہا کہ ،''مجھے معلوم ہے وہ وجہ جسکی بناء پر میرے زخم ٹھیک ہوگئےہیں'' ، اور مجھے یقین ہوا کہ میری توبہ قبول ہو گئی ہے۔ اللہ سبحان و تعالیٰ جب کسی کو ہدایت دیتے ہیں تو وہ آدھا راستہ نہیں دکھاتے بلکہ سنت اللہ ہے کہ صراطِ مستقیم مکمل طور پر واضح ہو جاتا ہے تاکہ جو صحیح معنوں میں ہدایت کا متلاشی ہےوہ منزلِ مقصود تک پہنچ جائے اور جو دل میں منافقت چھپائے ہوئے ہےاُسکی منافقت ظاہر ہو جائے اور اُس پرحجت تمام ہو جائے ، میں ایک چھوٹا سا سکارف اوڑھ کر اور عبایا پہن کر سمجھی تھی کہ یہ اصل دین ہےمیں نے ہسپتال میں کام جاری رکھا اور کافروں میں اُٹھنا بیٹھنا بھی، ہسپتال میں موجود ایک چھوٹی سی مسجد میں نماز ادا کرنے میں کبھی کوتاہی نہ کی اور یہ سمجھ بیٹھی کہ کافروں کو اپنے اخلاق وکردار سے اسلام کی تبلیغ کرنا کافی ہے اور بہت جلد پوری دنیا اسلام قبول کر لے گی۔

